خبروں کا اعلامیہ

بین الاقوامی سطح پر تعلیم یافتہ نرسوں کی مدد کرنا

13 فروری، 2023 میڈیا انکوائریز

البرٹا کی حکومت نرسوں کی برجنگ پروگراموں (nurse bridging programs) کے لیے 600 سے زیادہ نئی سیٹیں بنا رہی ہے اور بین الاقوامی سطح پر تعلیم یافتہ نرسوں کے لیے ایک نئی برسری (مالی عطیہ) میں سرمایہ کاری کر رہی ہے۔

البرٹا میں دنیا کے بہترین فرنٹ لائن ہیلتھ کیئر ورکرز ہیں۔ البرٹا کی حکومت صحیح مدد فراہم کرنے کے لیے کام کرے گی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ البرٹا کے باشندوں کو وہ دیکھ بھال حاصل ہو جس کی انہیں ضرورت ہے، جب بھی اور جہاں بھی انہیں ضرورت ہو۔ بجٹ 2023 کے ذریعے، البرٹا کی حکومت بین الاقوامی سطح پر تعلیم یافتہ مزید نرسوں کی تربیت اور مدد کے لیے 15 ملین ڈالر سے زیادہ کی سرمایہ کاری کرے گی۔ یہ قدم اس بات کو یقینی بنائے گا کہ اب اور مستقبل کے لیے البرٹا کا صحت کی دیکھ بھال کا نظام مضبوط رہے۔

بین الاقوامی سطح پر تعلیم یافتہ نرسوں کے لیے برسریز (مالی عطیات)

بجٹ 2023 کے تحت، البرٹا کی حکومت بین الاقوامی سطح پر تعلیم یافتہ نرسوں کے لیے ایسی مالی امداد کے لیے، جس کی واپس ادائیگی کی ضرورت نہیں ہے، سالانہ 7.8 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گی۔ یہ بین الاقوامی سطح پر تعلیم یافتہ نرسوں کے لیے نئی مالی امداد کی فنڈنگ کے لیے گزشتہ موسم خزاں کے 1.25 ملین ڈالر کے فنڈنگ کے اعلان پر اضافہ ہے۔

بین الاقوامی سطح پر تعلیم یافتہ اہل نرسیں اپنی نرسنگ برجنگ کے پروگراموں (nursing bridging programs)، ٹیوشن اور رہائش کے اخراجات کی لاگت کو پورا کرنے میں مدد کے لیے پانچ سالوں میں 30,000 ڈالر کی رقم تک رسائی حاصل کر سکیں گے / گی۔ برسری (مالی عطیہ) 2023-24 تعلیمی سال میں دستیاب ہو گی۔

برسری (مالی عطیہ) وصول کنندگان کو البرٹا میں ہر 6,000 ڈالر کی ادائیگی کے عوض نرسنگ سروس کا ایک سال مکمل کرنا ہو گا۔ مزید نرسوں کے اپنے کیریئر کا آغاز صوبے میں کرنا، اس بات کو یقینی بنائے گا، کہ البرٹا کے مریضوں اور کمیونٹیز کو اس کے ذریعے فائدہ ملے۔ ایک تیسرا فریق پروگرام کی نگرانی کرے گا اور البرٹا اسٹوڈنٹ ایڈ (Alberta Student Aid) کی جانب سے امداد تقسیم کرے گا۔

البرٹا میں رہنے والا / والی بین الاقوامی سطح پر تعلیم یافتہ کوئی بھی زیر تربیت (learner) نرس لرنر، جس نے کامیابی کے ساتھ ایک منظور شدہ برجنگ پروگرام (bridging program) میں داخلہ لیا ہے، وہ کسی دوسرے وفاقی یا صوبائی طالب علم کی امداد کے لیے اپنی اہلیت سے قطع نظر، برسری (مالی عطیہ) کے لیے اہل ہو گا / ہو گی۔ ہر اہل برسری (مالی

عطیہ) کی مقدار کا تعین انفرادی پروگرام کے مطالعہ، ٹیوشن کے اخراجات، لائسنسنگ اور پروگرام کی فیسوں کی بنیاد پر کیا جائے گا، جس میں نوازے جانے والے رقم کی مقدار کم از کم 8,000 ڈالر ہو گی۔

یہ البرٹا اور فلپائن کی حکومتوں کے درمیان نرسوں کو البرٹا کی طرف راغب کرنے اور انہیں صوبے میں رکھنے کے لیے ایک حالیہ مفاہمت یادداشت (میمورنڈم آف انڈراسٹینڈنگ) کے معاہدوں میں سے ایک کو پورا کرتا ہے۔

البرٹا کے نرس برجنگ پروگراموں (nurse bridging programs) میں 600 نئی سیٹیں

2023-24 تعلیمی سال سے شروع کر کے، رجسٹرڈ نرس (registered nurse) کے پروگراموں اور لائسنس یافتہ پریکٹیکل نرس کی برجنگ (practical licensing nurse bridging) اور لائسنسنگ (licensing) کے پروگراموں کے لیے 600 سے زیادہ نئی سیٹیں بنانے کے لیے تین سالوں کے دورانیے میں اضافی 7.3 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی جائے گی۔

اس سرمایہ کاری سے ماؤنٹ رائل یونیورسٹی (Mount Royal University) میں رجسٹرڈ نرس برجنگ پروگرام (registered nurse bridging program) کے لیے 256 نئی نشستیں پیدا ہوں گی۔ یہ بو ویلی کالج (Bow Valley College) میں 120 نئی سیٹیں اور نارکویسٹ کالج (NorQuest College) میں 250 نئی سیٹوں کو ان کے لائسنس یافتہ پریکٹیکل نرس کی برجنگ (licensed practical nurse bridging) کے پروگراموں کے لیے بھی فنڈ فراہم کرے گی۔

متعلقہ معلومات

- بیرون ملک تعلیم حاصل کرنے والے البرٹنز اور بین الاقوامی طلباء (Albertans studying abroad and international students)
- البرٹا 2030: ملازمتوں کے لیے مہارتیں بنانا (Alberta 2030: Building Skills for Jobs)
- ہیلتھ کیئر ایکشن پلان (Healthcare Action Plan)

ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں (Watch the news conference)

درجہ جات: پبلک